قرآن سب کے لیے ، ہر دل میں ، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

ستمبر تا دسمبر 2019، محرم تا ربیع الثانی 1441ھ | شمارہ 12

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## اظہار تشکر

الحمدللہ الہدیٰ اپنے علمی سفر کے پچیس سال خیر وعافیت سے مکمل کر کے چھبیسویں سال میں قدم رکھ چکا ہے۔
الہدیٰ کے ذریعے قرآن مجید کا پیغام بے شمار لوگوں کی زندگیوں میں خوشیاں لانے ،دلوں میں سکون پیدا کرنے اور اورانہیں مقصدِ زندگی سے روشناس کرنے کا سبب بنا ہے اور بلاشبہ یہ سب سراسر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خاص رحمت اور فضل سے ہی ممکن ہوا۔اس پر میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اللہ رب العزت کا شکرادا کرتی ہوں اور اپنی بھرپور کوشش کے باوجود اس کام کا حق پوری طرح ادا نہ کر پانے پر اللہ تعالیٰ سے معافی کی خواستگار ہوں۔اس کے ساتھ ساتھ میں ان تمام رفقائے کار کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اپنی اپنی صلاحیت کے مطابق اس مشن کو آگے بڑھانے میں میرا ساتھ دیا اور اس کے لیے ان تھک محنت کی۔میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں دنیا وآخرت میں بہترین اجر سے نوازے اور ہم سب سے دین کا بہترین کام تاحیات لیتا رہے۔آمین
اس موقع پر میں ان تمام افراد کو جو ذاتی مجبوریوں کی وجہ سے قرآن مجید کی تعلیم حاصل نہیں کر پائے یہ پیغام دینا چاہتی ہوں کہ وہ قرآن مجید کو پڑھنے اور سمجھنے کے لیے بھی کچھ وقت ضرور نکالیں کیونکہ یہ وہ دولت ہے جو دنیا کی ہر اس چیز سے بہتر ہے جسے لوگ سمیٹ رہے ہیں اور جس سے دنیا وآخرت دونوں سنور جاتے ہیں۔میری دعا ہے کہ معاشرے کو قرآن مجید کے پیغام سے مستفید کرنے کا جو کام آج سے پچیس سال قبل شروع ہوا تھا تاقیامت اسی طرح جاری وساری رہے اور الہدیٰ کو اللہ تعالیٰ لوگوں کے لیے روشنی کا ایسا مینار بنا دے جس سے ساری انسانیت فیض یاب ہوتے ہوئے اپنی آئندہ زندگیوں کو سنوار سکے۔آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین !السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ الہدیٰ نیوز لیٹر کا بارہواں شمارہ آپ کے پیش نظر ہے جس سے آپ ستمبر تا دسمبر میں ہونے والی اہم تعلیمی وفلاحی سرگرمیوں کے بارے میں جان سکیں گے۔شمسی کیلنڈر کے حساب سے نیا سال شروع ہو چکا ہے اور الہدیٰ کے مختلف شعبہ جات کے لیے اپنی ایک سالہ کارکردگی کو جانچنے اور بہتری لانے کا یہ بہترین موقع ہے۔ہر سال کے اختتام پر الہدیٰ انسٹی ٹیوٹس میں تکمیل قرآن کی تقریبات منعقد ہوتی ہیں اور بہت سی طالبات قرآن وحدیث کے علم سے منور ہو کر اپنے اپنے علاقوں کی طرف لوٹ جاتی ہیں۔ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق اس علم کو عوام الناس تک پہنچانے کی بھرپور کوشش کریں تاکہ معاشرے کی اصلاح ہو سکے۔آپ سب کے تعاون سے الہدیٰ خدمت خلق کے بہت سے اہم منصوبہ جات پر بھی عمل پیرا ہے جن میں ملک کے دور دراز علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی، مستحق افراد میں راشن اور گرم کپڑوں کی تقسیم، ان کو صحت اور تعلیم کی سہولیات مہیا کرنا اور قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد شامل ہے۔اللہ تعالیٰ سب کی کوششوں کو قبول فرمائے۔آمین۔

طاہرہ خان

## اہم خبریں

### تکمیل قرآن تقریب
### ”القرآن حیاتی“


21 دسمبر بروز ہفتہ الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں تعلیم القرآن سمیت دیگر چودہ کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد ہوا۔اس تقریب کا عنوان ”القرآن حیاتی“ (قرآن میری زندگی) تھا۔فارغ التحصیل طالبات نے قرآن وحدیث پر مبنی مؤثر پروگرام پیش کیے جن میں تاثرات، نظمیں، کوئز اور رول پلے وغیرہ شامل تھے۔ایک نومسلم طالبہ نے اپنا قبول اسلام کا واقعہ سناتے ہوئے اپنی مشکلات اور اللہ کی مدد کا تذکرہ کیا تو حاضرین کے دلوں پر گہرا اثر ہوا۔عشرۃ قراءات کورس کی طالبات نے اپنی کلاس سرگرمیوں کو ایک ڈیمو کی شکل میں جبکہ حدیث کورس کی طالبات نے ”حدیث جبریل“ کی روشنی میں ”فوائد الحدیث“ کو پیش کیا۔ادارے کی CEO رفقہ اصغر صاحبہ نے الہدیٰ کے 25 سال مکمل ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے طالبات کو بتایا کہ اس مقام تک پہنچنے میں محترمہ استاذہ کی ان تھک محنت، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد اور ساتھیوں کی خدمات شامل ہیں۔پروگرام کے اختتام پر دعا کے ساتھ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا طالبات کے لیے خصوصی پیغام سنوایا گیا جس میں انہوں نے طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور آئندہ زندگی میں قرآن کو تھامنے اور زندگی کے تمام معاملات میں اس سے راہ نمائی حاصل کرنے کی نصیحت کی۔اس موقع پر الہدیٰ میں نئے شروع ہونے والے کورسز کا اعلان بھی کیا گیا جن میں 'فقہ اسماء اللہ الحسنی'، 'القرآن تدبر وعمل' جزء:28، 'تفسیر سورۃ آل عمران والنساء' وغیرہ شامل ہیں۔



تکمیل قرآن تقریب

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## قرآن مجید کے رواں ترجمے کے پہلے حصے کی اشاعت وتدریس




الحمدللہ سورۃ البقرۃ کا آسان اردو زبان میں رواں ترجمہ کتابی شکل میں شائع ہوگیا ہے۔ 24 دسمبر تا 5 جنوری استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے اس کتاب پر مبنی شارٹ کورس الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ کینیڈا میں کروایا۔ اس کورس میں ہر آیت کا ترجمہ اور مختصر تفسیر بیان کی گئی جو تعلیم القرآن اور فہم القرآن کورس کی تفاسیر کے درمیان ایک جداگانہ کاوش ہے۔ آن لائن سٹریمنگ کی سہولت کی بدولت لوگوں کی کثیر تعداد اس کورس سے مستفید ہوئی۔ ان لیکچرز کی ریکارڈنگ الھدیٰ ویب سائٹس پر دستیاب ہے۔

## کراچی سٹاف کی مقابلہ حسن قرأت میں شرکت

الھدیٰ کراچی کی تجویدکوآرڈینیٹر حمیرا عبدالسلام نے 26 نومبر کو سینٹ جوزف کالج میں پہلی بار منعقد ہونے والے مقابلہ حسن قرأت اور نعت میں بطور جج شرکت کی۔ نتیجہ سنانے سے پہلے حمیرا صاحبہ نے قرآن کی فضیلت اور سیرت رسول اللہ ﷺ پر مختصر اً بیان کیا جسے کالج کی طالبات و اساتذہ نے دلچسپی سے سنا۔ پروگرام کے بعد کالج کی پرنسپل اور دیگر اساتذہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے الھدیٰ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ سینٹ جوزف کالج اور دیگر کالجز کی اساتذہ میں دعاؤں کے کارڈز، الھدیٰ نیوز لیٹر اور کورسز پر مبنی پمفلٹس تقسیم کیے گئے نیز کالج انتظامیہ کو کراچی ریجن کی کانووکیشن میں شرکت کی دعوت بھی دی گئی جو انہوں نے بخوشی قبول کر لی۔

## بدین کے دور دراز علاقے میں علم کی کرنیں

الھدیٰ انٹرنیشنل تعلیم کے فروغ اور معاشرے سے جہالت اور غربت کو دور کرنے کے لیے گزشتہ پچیس برس سے مسلسل سرگرم عمل ہے۔ سندھ کے دور دراز پسماندہ علاقوں میں بچوں کے لیے اقرأ کورس پر مبنی کلاسز کا اہتمام اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ حال ہی میں الھدیٰ کراچی ٹیم نے بچوں کی علمی قابلیت کو جانچنے کے لیے اندرون سندھ ایک کلاس کا دورہ کیا۔ بچوں کی بہترین کارکردگی سے ان کے اساتذہ کی محنت اور لگن کا بھی اندازہ ہوا۔



بدین کے علاقے میں بچے تعلیم حاصل کرتے ہوئے

## کراچی ریجن کانووکیشن تقریب

28 دسمبر کو الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ ڈیفنس کراچی میں تیرھواں کانووکیشن منعقد کیا گیا۔ اس تقریب کا عنوان 'قرآن اور احسان' منتخب کیا گیا۔ اکیڈیمک کوآرڈینیٹر نیلوفر جمیل نے مختصراً کانووکیشن رپورٹ پیش کی۔ ایک ویڈیو کے ذریعے الھدیٰ کراچی کی 20 سالہ تاریخ (1999 تا 2019) کو مؤثر انداز میں پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک ویڈیو کے ذریعے کراچی انسٹی ٹیوٹ، برانچز اور تمام شعبہ جات کی ایک سالہ کارکردگی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کی گئی اس تقریب میں طالبات نے مختلف سرگرمیوں پر مبنی پروگرام پیش کیے جن میں کوئز اور تاثرات وغیرہ شامل تھے۔ اس سال مجموعی طور پر 640 طالبات نے اسناد وصول کیں۔



کراچی ریجن کانووکیشن تقریب

## فارغ التحصیل طالبات کے لیے چار روزہ ریفریشر کورس

الھدیٰ کراچی سراج الدولہ برانچ میں طالبات کے لیے 18 نومبر سے 21 نومبر تک چار روزہ ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا۔ سندھ کے 10 اضلاع سے روشنی کی کرن، روشنی کا سفر اور تفہیم دین سے فارغ التحصیل تقریباً 40 طالبات نے اس کورس میں شرکت کی۔ اس کورس کا مقصد ان کی تعلیمی و تدریسی صلاحیت کو نکھارنا اور اپنے علاقوں میں ابلاغ دین تھا۔ ٹرینر سٹاف نے تمام شرکا سے تفصیلی بات چیت کے ذریعے انہیں دین کے کام میں درپیش مسائل کے حل کے بارے میں راہ نمائی دی۔

## الھدیٰ انٹرنیشنل سکول میں سالانہ دن کی تقریبات

17 تا 19 دسمبر کو (AIS) اسلام آباد کیمپس میں سالانہ دن کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ اس سال کا تھیم 'حی علی الفلاح' تھا۔ سکول کے طلبا و طالبات نے ان میں بھرپور حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا بہترین مظاہرہ کیا جس سے تقریب کے شرکا بہت محظوظ ہوئے اور اسکول کی کارکردگی کو سراہا۔ مہمان خصوصی طلبا و طالبات کی اسلامی خطوط پر تربیت سے بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے دیگر پرائیویٹ اسکولوں کے لیے اسی طرز تعلیم و تربیت کو اپنانے کا مشورہ دیا۔ ایک بین الاقوامی جریدے The Knowledge Review نے اپنی خصوصی اشاعت میں AIS کو دس اسکولوں میں سے بہترین اسکول قرار دیا ہے۔

## الھدیٰ کمیونٹی سکولز (ACS)

الھدیٰ ہیڈ آفس نے لاہور ریجن کے تحت چلنے والے کمیونٹی سکولوں کو ان کے منتظمین کی درخواست پر اپنی نگرانی میں لے کر الھدیٰ انٹرنیشنل سکول (AIS) کے تحت الھدیٰ کمیونٹی سکولز (ACS) کے نام سے منظم کیا ہے۔ ان سکولوں میں بہت سے مستحق طلبا و طالبات معیاری دینی اور دنیاوی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس نیٹ ورک کو بڑھانے میں اپنی علمی و مالی خدمات پیش کریں۔

## کتابیں جمع کرنے اور تقسیم کرنے کی مہم

الھدیٰ اسلام آباد نے بچوں میں کتب بینی کا شوق پیدا کرنے کے لیے 50 سکولوں میں لائبریری قائم کرنے کے لیے کتابیں جمع کرنے کی مہم شروع کی ہے۔ اس میں نئی اور استعمال شدہ کتب (جو اچھی حالت میں ہوں) دی جاسکتی ہیں۔

## نیوزی لینڈ مسلم ایوارڈ

آک لینڈ نیوزی لینڈ میں الھدیٰ کی طالبہ سعدیہ ملک بچوں اور خواتین کے لیے قرآن کلاسز کروانے کے ساتھ ساتھ معاشرے کی فلاح و بہبود بہت سے کاموں میں مصروف ہیں۔ انہیں وہاں کی ایک اسلامک آرگنائزیشن ''خدیجہ لیڈرشپ نیٹ ورک'' (KLN) کی طرف سے عملی خدمات کے اعتراف میں نیوزی لینڈ مسلم ایوارڈ 2019 سے نوازا گیا۔

## کاروان علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ کینیڈا میں 'صحیح البخاری'، 'فقہ القلوب' اور 'تدبر القرآن' پر مبنی درس و تدریس جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ترجمہ و تفسیر سورۃ البقرۃ پر مبنی ایک شارٹ کورس کروایا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ستمبر تا دسمبر کینیڈا کے مختلف علاقوں میں مفید موضوعات پر لیکچرز بھی دیے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- 20 ستمبر: جارج ٹاؤن "13107 ہائی وے 7 ہلٹن ہلز"
- 22 ستمبر: ہیملٹن "1545 سٹون چرچ روڈ"
- 30 ستمبر: ملٹن "541 بوسیل کریسنٹ"
- 12 اکتوبر: کیچنر "38 پارک گلن سٹریٹ"
- 15 اکتوبر: برلنگٹن "ویلے بٹ پارک بلیوارڈ"
- 17 اکتوبر: میسی سوآگا "ایرن سینٹر بلیوارڈ"
- 25 اکتوبر: کیمبرج اونٹاریو "526 برنٹ ایونیو"
- 31 اکتوبر: میسی سوآگا "ایرن سینٹر بلیوارڈ"
- 1 نومبر: میسی سوآگا "ٹلنگھم گارڈنز"
- 8 نومبر: میسی سوآگا "ایرن سینٹر بلیوارڈ"
- 12 نومبر: بریمپٹن "6 ڈیلرے کورٹ"
- 18 نومبر: میسی سوآگا "4105 سمٹ کورٹ"

# خدمتِ خلق

## آزاد کشمیر زلزلہ متاثرین کے لیے الھدیٰ کی خدمات

الھدیٰ میر پور آزاد کشمیر برانچ سٹاف ممبرز 25 ستمبر کو آنے والے زلزلہ کے متاثرین کے لیے فی الفور نہ صرف طبی امداد میں مصروف ہو گئے بلکہ دیگر خدمات بھی انجام دیں جن میں میتوں کے لیے کفن دفن، پسماندگان کے لیے پناہ گاہیں، لباس، خوراک اور بستر وغیرہ کا انتظام شامل ہے۔ مجموعی طور پر 760 راشن بیگ، 300 لحاف اور تکیے جب کہ 450 افراد کو کھانا مہیا کیا گیا نیز ضرورت مند افراد میں 6 وہیل چیئرز بھی تقسیم کی گئیں۔ اگلے مرحلے میں بیوگان کے لیے 25 گھر تعمیر کیے جائیں گے جو ایک کمرہ، غسل خانہ اور باورچی خانہ پر مشتمل ہوں گے۔



زلزلہ متاثرین میں راشن کی تقسیم

## کراچی میں مفت میڈیکل کیمپ

الھدیٰ عباسیہ ٹاؤن برانچ میں 10 نومبر کو میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں تقریباً 200 مریضوں کو تجربہ کار ڈاکٹرز سے میڈیکل چیک اپ کی سہولت مہیا کی گئی۔ انہیں مفت دوائیاں فراہم کی گئیں نیز ان میں مسنون دعاؤں کے کارڈز نہ صرف تقسیم کیے گئے بلکہ دعائیں یاد بھی کروائی گئیں۔

## طعام المسافر پروجیکٹ

الھدیٰ لاہور ریجن کے تحت ایک نئے پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا ہے جس میں ہسپتالوں میں مریضوں کے علاوہ دور دراز کے علاقوں سے آئے ہوئے ان کے لواحقین کو کھانے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے لاہور جنرل ہسپتال کے سرجیکل وارڈ یونٹ 1 کو منتخب کیا گیا جس میں پہلے روز 96 لنچ باکس تقسیم کیے گئے۔ آئندہ سال اس کارِ خیر کو لاہور کے دیگر ہسپتالوں تک بھی پھیلایا جائے گا۔ ان شاء اللہ

ابن عمرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے، نہ اس کی مدد چھوڑتا ہے، جو اپنے بھائی کی حاجت پوری کرنے میں لگا ہو، اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرنے میں لگا ہوتا ہے اور جو کسی مسلمان کی پریشانی دور کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کی قیامت کی پریشانیوں میں سے کوئی بڑی پریشانی دور فرما دے گا اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔

[متفق علیہ]

## ٹرین حادثہ اور الھدیٰ امدادی مہم

31 اکتوبر کو رحیم یار خان کے قریب پیش آنے والے تیز گام ٹرین حادثہ کے متاثرین کے لیے الھدیٰ رحیم یار خان برانچ سٹاف نے امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیتے ہوئے نہ صرف زخمیوں کی عیادت کی بلکہ انہیں خوراک و لباس بھی فراہم کیا نیز میتوں کے لیے کفن کا انتظام بھی کیا گیا۔

## موسم سرما کی شدت میں احساس ہمدردی

الھدیٰ شعبہ خدمت خلق اس بار بھی اپنے مستحق بہن بھائیوں کی مدد کے لیے لحاف اور راشن کا انتظام کر رہا ہے۔ آپ بھی اس کارِ خیر میں دل کھول کر حصہ لیں۔ آپ کی بروقت مدد کسی کی جان بچانے میں معاون ہو سکتی ہے۔

عطیات جمع کروانے کے لیے بینک تفصیلات:

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0102383446201 (Rupee)

**IBAN AC #** PK84AIIN0000102383446201

**Branch Code:** 0815, **Swift Code:** AIINPKKA

Al Baraka Bank (Pakistan) Limited H-11

branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

# ابلاغِ دین

## Hajj & Umrah App

الھدیٰ شعبہ ابلاغِ عامہ نے حال ہی میں حج و عمرہ کی سنت کے مطابق ادائیگی کے لیے ایک نئی ایپ متعارف کروائی ہے جو آئی فون، آئی پیڈ اور اینڈرائیڈ فون رکھنے والوں کے لیے یکساں مفید ہے۔ مناسک حج و عمرہ کے علاوہ اس ایپ میں تمام متعلقہ دعائیں مع ترجمہ و آڈیوز موجود ہیں۔

## Learn Qur'an App

Learn Qur'an App کو ایک نئی شکل میں متعارف کروایا گیا ہے جو مندرجہ ذیل خصوصیات کی حامل ہے:

- لفظی ترجمہ قرآن
- ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی بیان کردہ اردو میں تفسیر جس کا ترجمہ ہندی زبان میں بھی دستیاب ہے
- ایک بٹن دبانے پر قرآن مجید کی کسی بھی آیت کی قرأت، ترجمہ اور تفسیر کی صوتی سہولت
- کسی بھی آیت کو تلاش کرنے اور بک مارک کرنے کی سہولت

## طب نبوی ﷺ پر مبنی شارٹ ویڈیو کلپس

صحیح البخاری کے باب ”کتاب المرضی“ سے منتخب احادیث پر مبنی ویڈیوز بنانے کا آغاز کیا گیا ہے۔ ان ویڈیوز کو بنانے کا مقصد معاشرے کے بیمار افراد، طبیبوں اور عوام الناس تک بیماری اور علاج معالجہ کے متعلق مستند علم پہنچانا ہے تاکہ وہ ان اصولوں پر عمل کر کے صحت مند زندگی گزار سکیں۔

## الھدیٰ کی نئی مطبوعات




### انا للہ وانا الیہ راجعون

الھدیٰ اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ کے پہلے بیچ سے فارغ التحصیل ہماری بہن ڈاکٹر مہر اور الھدیٰ پشاور کی شعبہ خدمتِ خلق سے وابستہ ہماری بہن افصح فیصل قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ الھدیٰ کا تمام سٹاف اور طالبات ان کے انتقال پُر ملال پر تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان دونوں بہنوں کی مغفرت فرمائے، ان کی حسنات کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور انہیں اپنی رحمت سے جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔ آمین

# سٹوڈنٹس کارنر

## عقل مند کون؟

نماز قائم کرنے والے [الرعد:22]

صلہ رحمی کرنے والے [الرعد:21]

وعدہ ایفاء کرنے والے [الرعد:20]

اللہ سے ڈرنے والے [الرعد:21]

اللہ کی خاطر صبر کرنے والے [الرعد:22]

نصیحت حاصل کرنے والے [الزمر:22]

برائی کو بھلائی سے دور کرنے والے [الرعد:22]

برے حساب وکتاب سے ڈرنے والے [الرعد:21]

زمین وآسمان کی تخلیق میں غوروفکر کرنے والے [آل عمران:191]

کھڑے، بیٹھے اور لیٹے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ذکر کرنے والے [آل عمران:191]

بات کو توجہ سے سن کر اس کے احسن پہلو کی پیروی کرنے والے [آل عمران:191]

## خطاطی کے فن پاروں کی نمائش

21 دسمبر کو تکمیل قرآن کے موقع پر الھدیٰ اسلام آباد انسی ٹیوٹ کی طالبات نے بہت محنت سے تیار کردہ خوب صورت خطاطی کے فن پاروں کا سٹال لگایا جسے مہمانوں نے بہت سراہا اور اپنی پسند کے فن پارے خریدے۔




## غفلت سے جاگ ذرا اے بے خبر!

صحیح البخاری کا باب القدر اور فقہ القلوب کا باب فقہ "الایمان بالقضاء و القدر"(تقدیر اور فیصلوں پر ایمان کی فقہ ) پڑھنے کے بعد حقیقی معنوں میں میری تو آنکھیں کھل گئی ہیں اور پہلی بار یہ بات سمجھ میں آئی ہے کہ ہمیں اپنے انجام کے بارے میں کس قدر فکر مند ہونے کی ضرورت ہے۔ اپنی دعا ''اے اللہ میرا اھم وغم آخرت کو بنادے'' کا اصل مفہوم اب جانا ہے۔ تقوی کا حقیقی معنی بھی اب سمجھ میں آیا ہے۔ انسان اس بات سے کتنا بے خبر ہے کہ شیطان آخری لمحے بھی اسے بہکا سکتا ہے اس لیے ہر وقت حسن انجام کی دعا کرتے رہنا بے حد ضروری ہے۔ اس موضوع پر قرآن مجید کی آیات، رسول ﷺ کے طرز عمل اور صحابہ کرامؓ کے ایمان افروز واقعات جان کر تدبر کرنے کے نئے دروازے واہوئے ہیں۔ میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس علم کو پھیلانے اور ہمیں یہ احساس دلانے پر ہماری استاذہ محترمہ کو اپنی رضا سے نوازے اور ہم سب کا شمار بانصیب لوگوں میں کرے۔ آمین

## تبصرۂ کتاب
## شکرگزار کہاں ہیں؟



الھدیٰ پبلی کیشنز کی پیش کش''این الشاکرون '' ایسی کتاب ہے جو روح کو چھوتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ لفظ 'شکر' بظاہر تین حروف سے مل کر بنا ہے لیکن اس کی حقیقت اور فضیلت کو جس طرح بیان کیا گیا ہے اسے سمجھ کر مومن اپنی اصل معراج کو پا سکتا ہے۔ شکر کی اقسام کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے بیان کیا ہے کہ بعض نعمتیں ایسی ہیں جن کا انسان کو ادراک ہی نہیں ہوتا لیکن اس سے بھرپور فائدہ حاصل کر رہا ہوتا ہے۔ عوام الناس کا شکر کھانے، پینے، لباس اور اجسام کی قوت پر ہوتا ہے جبکہ خاص لوگوں کا شکر توحید اور ایمان پر استقامت میں پنہاں ہے۔ بے شک اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنا انسان کی طاقت سے بالاتر ہے۔ علما کے نزدیک سب سے افضل نعمت 'لا الہ الا اللہ ' کی معرفت حاصل کرنا ہے نیز نعمتیں صرف اسی صورت میں قائم رہ سکتی ہیں جب ان کو پانے والا اپنے منعم (نعمت دینے والے ) کا شکر ادا کرے۔ ایسے میں دلوں کو ٹٹولنے کی ضرورت ہے کہ ہمارا شمار آخر کن لوگوں میں ہوتا ہے؟ کتاب کے اختتام پر قلم بند دعائیں شکرگزار بننے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ ان شاءاللہ۔

راشدہ پروین

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل:info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل:reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی ، مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹرز: طاہرہ خان، شفق رانی، مریم افضل ، گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: سدرہ زاہد
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، یاسمین خاکوانی، فرخ چوہدری، راشدہ پروین، شاہین خان